ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرنے پر سہیل تنویر کو تنبیہ جاری

لاہور، 28نومبر 2019ء:

قائداعظم ٹرافی فرسٹ الیون ٹورنامنٹ کےمیچ میں ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرنے پرناردرن کے کرکٹر سہیل تنویر کو تنبیہ جاری کردی گئی۔ سہیل تنویر کو یو بی ایل اسپورٹس کمپلیکس کراچی میں بلوچستان کے خلاف نویں راؤنڈ کے میچ میں کھیل کے سامان کی توہین کرنے سے متعلق لیول 1 جرم کا مرتکب پایا گیا ہے۔

میچ کے دوران بلوچستان کی دوسری اننگز میں باؤلنگ کے دوران ناردرن کے سہیل تنویرکووکٹ حاصل نہ کرنے پر مایوسی میں گیند کو کک کرتے ہوئے دیکھا گیا ۔

آن فیلڈ امپائرز قیصروحید اورعمران جاویدنے سہیل تنویر کو پی سی بی کوڈ آف کنڈکٹ کے آرٹیکل 2.2 کی خلاف ورزی کرنے پر چارج کیا۔

سہیل تنویرکی جانب سے اعتراف جرم کرنے پر میچ ریفری احمر سعید نے انہیں تنبیہ جاری کردی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk